## [Chapter: 19] Surah Maryam, Ayat-81

وَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لِّيَكُونُوا لَهُمْ عِزًّا ٨١

اِن لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر اپنے کچھ خدا بنا رکھے ہیں تا کہ وہ اِن کے پُشتیبان ہوں۔

In logon ne Allah ko chodh kar apne kuch khuda bana rakkhe hain taa-ke woh inke pushtebaan (supporters) hon.

They have taken other gods, instead of Allah, seeking strength ⌜and protection⌝ through them.

## [Chapter: 11] Surah Hud, Ayat-101

وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِن ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ ۖ فَمَا أَغْنَتْ عَنْهُمْ آلِهَتُهُمُ الَّتِي يَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مِن شَيْءٍ لَّمَّا
جَاءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ وَمَا زَادُوهُمْ غَيْرَ تَتْبِيبٍ ١٠١

ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا، انہوں نے آپ ہی اپنے اُوپر ستم ڈھایا۔ اور جب اللہ کا حکم آگیا تو ان کے وہ معبود جنہیں وہ اللہ کو چھوڑ کر پُکارا کرتے تھے ان کے کچھ کام نہ آسکے اور انہوں نے ہلاکت و بربادی کے سوا انہیں کچھ فائدہ نہ دیا۔

Humne unpar zulm nahin kiya, unhon ne aap hi apne upar sitam dhaya. Aur jab Allah ka hukm aa gaya to unke woh mabood jinhein woh Allah ko chodh kar pukara karte thay unke kuch kaam na aa sakey. Aur unhon ne halakat o barbadi ke siwa unhein kuch faiyda na diya.

We did not wrong them, rather they wronged themselves. The gods they invoked beside Allah were of no help at all when the command of your Lord came, and only contributed to their ruin.

## [Chapter: 46] Surah Al-Ahqaf, Ayat-27

وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُم مِّنَ الْقُرَىٰ وَصَرَّفْنَا الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ٢٧

تمہارے گرد و پیش کے علاقوں میں بہت سے بستیوں کو ہم ہلاک کر چکے ہیں۔ ہم نے اپنی آیات بھیج کر بار بار طرح طرح سے ان کو سمجھایا، شاید کہ وہ باز آجائیں۔

Tumhare gird o pesh ke ilakon mein bahut se bastiyon ko hum halaak kar chuke hain. Humne apni aayaat bhej kar baar baar tarah tarah se unko samjhaya, shayad ke woh baaz aa jayein.

We certainly destroyed the societies around you after having varied the signs so perhaps they would return ⌜to the Right Path⌝.

### [Chapter: 46] Surah Al-Ahqaf, Ayat-28

فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ قُرْبَانًا آلِهَةً ۖ بَلْ ضَلُّوا عَنْهُمْ ۚ وَذَٰلِكَ إِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۲۸

پھر کیوں نہ ان ہستیوں نے ان کی مدد کی جنہیں اللہ کو چھوڑ کر انہوں نے تقرّب اِلی اللہ کا ذریعہ سمجھتے ہوئے معبود بنالیا تھا؟ بلکہ وہ تو ان سے کھوئے گئے، اور یہ تھا ان کے جھوٹ اور ان بناوٹی عقیدوں کا انجام جو انہوں نے گھڑ رکھے تھے۔

Phir kyun na un hastiyon ne unki madad ki jinhein Allah ko chodh kar unhon ne taqarrub-e-ilallah ka zariya samajhte huey maabood bana liya tha? Balke woh to unse khoye gaye. Aur yeh tha unke jhoot aur un banawati aqeedon ka anjaam jo unhon ne ghadh rakkhe thay.

Why then were they not helped by those ˹idols˺ they took as gods besides Allah, hoping to get closer ˹to Him˺? Instead, they failed them. That is ˹the result of˺ their lies and their fabrications.

### [Chapter: 43] Surah Zukhruf, Ayaat-84, 85

وَهُوَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ إِلَٰهٌ وَفِي الْأَرْضِ إِلَٰهٌ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ ۸۴

وَتَبَارَكَ الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَعِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۸۵

(84) وہی ایک آسمان میں بھی خدا ہے اور زمین میں بھی خدا، اور وہی حکیم و علیم ہے ۔

(85) بہت بالا و برتر ہے وہ جس کے قبضے میں زمین اور آسمانوں اور ہر اس چیز کی بادشاہی ہے جو زمین و آسمان کے درمیان پائی جاتی ہے ۔

84. Wahi ek aasmaan mein bhi khuda hai aur zameen mein bhi khuda, aur wahi hakeem o Aleem hai.
85. Bahut baala-o-bartar hai woh jiske qabze mein zameen aur aasmaano aur har us cheez ki baadshahi hai jo zameen o aasmaan ke darmiyan payi jaati hai. Aur wahi qayamat ki ghadi ka ilm rakhta hai, aur usi ki taraf tum sab paltaye jaane waale ho.

84. It is He Who is ˹the only˺ God in the heavens and ˹the only˺ God on the earth. For He is the All-Wise, All-Knowing.
85. And Blessed is the One to Whom belongs the kingdom of the heavens and the earth and everything in between! With Him ˹alone˺ is the knowledge of the Hour. And to Him you will ˹all˺ be returned.